## الطاف حسین کی جانب سے سکھ برادری کو بیساکھی کے تہوار کی مبارکباد

لندن۔۔۔12، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں بسنے والی سکھ برادری کو ان کے مذہبی تہوار بیساکھی کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ تمام مذاہب کی تعلیمات میں امن واخوت، پیار ومحبت، احترام انسانیت اور بھائی چارے کا درس دیا جاتا ہے۔جناب الطاف حسین نے سکھ برادری کو ان کے مذہبی تہوار بیساکھی کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس خوشی کے موقع پر اپنی عبادات میں پاکستان کی ترقی وخوشحالی، غریب ومظلوم عوام کی فلاح وبہبود اور ملک وقوم کو اندرونی وبیرونی خطرات سے نجات کی خصوصی دعائیں کریں۔

## قاضی حسین احمد اور وکلاء تنظیموں کو وکلاء کو جلانے کا جھوٹا پروپیگنڈہ کرنے پر قوم سے معافی مانگنی چاہیے۔محمد اشفاق، جاوید کاظمی

## سانحہ طاہر پلازہ میں وکلاء نہیں بلکہ ایم کیو ایم کے کارکنان وہمدرد شہید ہوئے ہیں لیکن سیاسی و وکلاء رہنما وکلاء کو جلانے کا مسلسل شرمناک پروپیگنڈہ کر رہے ہیں

لندن۔۔۔12، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد اشفاق اور جاوید کاظمی نے جماعت اسلامی کے امیر قاضی حسین احمد اور بعض وکلاء رہنماؤں کے منفی بیانات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ قاضی حسین احمد اور وکلاء رہنماؤں کو کراچی میں وکلاء کو جلانے کا جھوٹا پروپیگنڈہ کرنے پر قوم سے معافی مانگنی چاہیے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ 9 اپریل کے واقعات کے تمام تر حقائق واضح ہوگئے ہیں کہ سانحہ طاہر پلازہ میں وکلاء نہیں بلکہ ایم کیو ایم کے کارکنان وہمدرد شہید ہوئے ہیں لیکن قاضی حسین احمد اور بعض دیگر ایم کیو ایم مخالف وکلاء رہنما قوم کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کیلئے وکلاء کو جلانے کا مسلسل شرمناک پروپیگنڈہ کر رہے ہیں اور ایم کیو ایم کے خلاف شرانگیز الزامات لگائے جا رہے ہیں جو شرمناک ہیں۔انہوں نے کہا کہ اب یہ حقائق پوری طرح ثابت ہوچکے ہیں کہ 9 اپریل کو کراچی میں طاہر پلازہ کو آگ لگانے کا واقعہ ایک منظم سازش کے تحت کرایا گیا اور پھر ملک بھر کے عوام کو گمراہ کرنے اور ایم کیو ایم کو بدنام کرنے کیلئے وکلاء کو زندہ جلانے کا پروپیگنڈہ کیا گیا، مظاہرے کرائے گئے اور غائبانہ نماز جنازتک ادا کرائی گئیں لہٰذا ایم کیو ایم مخالف سیاسی ومذہبی رہنماؤں اور وکلاء رہنماؤں کو جھوٹ بولنے پر قوم سے معافی مانگنی چاہیے۔

## ایم کیو ایم کی جانب سے طاہر پلازہ میں جاں بحق ہونیوالے تین افراد کے لواحقین کو ایک ایک لاکھ روپے کی امدادی رقم پہنچادی گئی

کراچی۔۔۔12، اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے طاہر پلازہ میں جھلس کر جاں بحق ہونے والے تین افراد کے لواحقین کو ایک ایک لاکھ روپے کی امدادی رقم فراہم کردی گئی ہے۔تفصیلات کے مطابق ہفتہ کے روز ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف، حق پرست اراکین اسمبلی اور ٹاؤن ناظمین نے ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے ہمدردوں باسط محمود شہید، سعید اختر عرف دانش شہید اور شاہ فیصل کالونی سے تعلق رکھنے والے ایم کیو ایم کے ہمدرد داور حسین شہید کی رہائشگاہوں پر جاکر سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے ایک ایک لاکھ روپے کی امدادی رقم پہنچائی۔ اس موقع پر سانحہ طاہر پلازہ میں جاں بحق افراد کے لواحقین نے امدادی رقم کی فراہمی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## طاہر پلازہ میں جاں بحق ہونے والی ایم کیو ایم کی ہمدرد خواتین رضیہ بتول اور صوبیہ کو سپرد خاک کردیا گیا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظم، نائب ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، کونسلر اور کارکنان کی شرکت

## سوئم کل بعد نماز ظہر گلستان جوہر بلاک 9 میں ہوگا

کراچی ۔۔۔12،اپریل 2008ء۔۔۔طاہر پلازہ کراچی میں جھلس کر جاں بحق ہونے والی متحدہ قومی موومنٹ کی ہمدرد خواتین محترمہ رضیہ بتول اور صوبیہ شعیب کو آج ماڈل کالونی ملیر کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحومین کی نماز جنازہ گل ہاؤسز بلاک 9 گلستان جوہر میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر عاصم رضا، ڈاکٹر نصرت، حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی، اراکین سندھ اسمبلی نثار پنہور، رؤف صدیقی، مزمل قریشی، فیصل سبزواری، ملیر ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم شرافت، گلشن اقبال ٹاؤن کے حق پرست نائب ٹاؤن ناظم شعیب اختر، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم گلستان جوہر سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں کے علاوہ مرحومین کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔دریں اثناء محترمہ رضیہ بتول اور محترمہ صوبیہ شعیب کا سوئم 13 اپریل اتوار کو بعد نماز ظہران کی رہائشگاہ واقع B-42 بلاک 9 گلستان جوہر میں ہوگا جس میں مرحومین کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔قبل ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ خورشید افسر، حق پرست خواتین اراکین قومی وصوبائی اسمبلی محترمہ فوزیہ اعجاز، محترمہ شگفتہ، بلقیس مختار اور ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران نے شہداء کی رہائشگاہوں پر جا کر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## سانحہ طاہر پلازہ میں جھلس کر جاں بحق والے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کے ہمدرد باسط محمود کا سوئم

کراچی ۔۔۔12،اپریل 2008ء۔۔۔ساطاہر پلازہ میں جھلس کر جاں بحق ہونے والے متحدہ قومی موومنٹ اورنگی ٹاؤن کے ہمدرد باسط محمود شہید کا سوئم آج ان کی رہائشگاہ واقع فیض عام کالونی اورنگی ٹاؤن میں ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف، حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال قادری، حق پرست اراکین سندھ اسمبلی رضا حیدر، منظر امام، مظاہر امیر، اورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم عبدالحق، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن صفدر علی فریدی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔12،اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-133 کے کارکن صفدر علی فریدی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے صفدر علی مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن صفدر علی فریدی انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔12،اپریل 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ A-133 کے کارکن صفدر علی فریدی انتقال کر گئے۔مرحوم کی عمر 45 سال تھی اور انہیں گزشتہ روز ہارٹ اٹیک ہوا تھا جس کے باعث وہ انتقال کر گئے۔صفدر علی فریدی مرحوم کے سوگواران میں بیوہ سمیت 3 بچے شامل ہیں۔دریں اثناء صفدر علی فریدی مرحوم کو محمد شاہ نارتھ کراچی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ محمد مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین حق پرست رکن سندھ اسمبلی معین خان، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، نارتھ کراچی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم، نائب ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔علاوہ ازیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کے کارکن صفدر علی فریدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے(آمین)

☆☆☆☆☆